سوال

(528) خصی جانور ذبح کرنے کے متعلق سنن ابی داؤد کی ایک روایت کی تحقیق

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

''سنن ابی داؤد''کی حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی روایت (جس میں جواز کا ذکر ہے) پر محدثین نے

جو جرح کی ہے، اس کی کیا حیثیت ہے؟ (سائل) (۷فروری ۲۰۰۳ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

''سنن ابی داؤد'' والی روایت ضعیف ہے۔ اس کی سند میں مدلس راوی محمد بن اسحاق ''عن'' کے الفاظ سے روایت کرتے ہیں۔ اسی طرح اس کی سند میں ابو عیاش راوی غیر معروف ہے۔ لیکن ''مسند احمد'' اور ''حاکم'' میں ابورافع کی روایت اس کی شاہد ہے۔ اس بناء پر اس کی سند حسن درجے کی ہوئی۔ ملاحظہ ہو: تنقیح الرواة (۲۷۷/۱)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3،کتاب الصوم:صفحہ:412

محدث فتویٰ